## اٹلی - پانچ 05 راتیں / چھ 06 دن

پاکستان سے وقت کا فرق - چار گھنٹے (بعد میں) - پاکستان میں دوپہر کے 12 بجے اٹلی میں صبح کے 08 بجے ہوں گے

ایک یورو = پاکستانی تقریبا 170 روپے

### پہلا دن

**وینس ائیرپورٹ** پر اترنے کے بعد امیگریشن سے گزر کر، سامان لینے کے بعد، آپ ائیرپورٹ سے باہر نکلنے والے راستے پر آیئے جو آپ کو فیری پورٹ تک لے جائے گا' ایک طویل راستے کے اختتام پر ائیرپورٹ کی عمارت کے باہر' سمندر کے ساتھ ساتھ کئی فیری کمپنیز کے ٹکٹ بوتھ بنے ہوئے ہیں جہاں سے آپ وینس کے مرکزی علاقے سان مارکو تک جانے کی لئے ٹکٹ خرید سکتے ہیں واضح رہے کی سامان زائد ہونے کی صورت میں آپ کو سامان کے لئے علیحدہ ٹکٹ لینا ہو گا - مارکو پولو ائیرپورٹ سے سان مارکو تک کا فاصلہ 12 کلومیٹر ہے جو فیری میں تقریباً ایک گھنٹے میں طے ہو گا

**وینس** دنیا بھر میں مشہور' پانی میں بسا یہ خوبصورت شہر دراصل 118 چھوٹے چھوٹے جزیروں کا مجموعہ ہے' جو پانی کی تنگ گزر گاہوں سے ایک دوسرے سے جدُا ہیں' ان شہروں پر بنے ہوے 400 سے زائد پُل ان جزائر کو آپس میں جوڑتے ہیں . اٹلی کے شمال میں ایڈریاٹک سمندروں میں واقع یہ مجموعۃ الجزائر اپنے انوکھے طرز تعمیر اور آبی راستوں کی وجہ سے سیاحوں کا انتہائی پسندیدہ مقام ہے' سیاحوں کی آمد ہی شہر کی آمدنی کا بنیادی ذریعہ ہے

وینس کی بنیاد پانچویں صدی قبل مسیح میں رکھی گئی - ابتدا میں یہ انتہائی غریب اور دور افتادہ' مچھیروں کی بستی تھی جو آئے دن بحری قزّاقوں کے حملے کا نشانہ بنتی رہتی تھی - مقامی باشندوں نے ان حملوں سے مدافعت کے لئے مسلّح بحریہ کی بنیاد ڈالی جو وقت گزرنے کے ساتھ اس قدر مضبوط بن گئی کے **وینس** کی بحریہ اٹلی کی سمندری تجارت کو کنٹرول کرنے لگی۔ لگ بھگ ڈھائی ہزار سال پرانی اس بستی کی آبادی اب تک صرف ساٹھ ہزار افراد ہے اگر ارد گرد کے جزائر کو بھی شامل کر لیا جاے تو بھی مجموعی آبادی تین لاکھ تک پہنچتی ہے - بیشتر عمارتیں صدیوں پرانی ہیں ممکن ہے جس ہوٹل میں آپ کا قیام ہو وہ چار سو سال یا اس سے بھی زائد پرانا ہو - یہاں کی قدامت ہی یہاں کا حُسن ہے - شہر میں کسی بھی قسم کی گاڑی کا استعمال ممنوع ہے یہی وجہ ہے کے سّیاح سڑک کے بیچوں بیچ پیدل گھومتے ہوئے کسی قسم کا خطرہ محسوس نہیں کرتے - تمام جزیرے میں موجود نہروں کے ساتھ ساتھ پیدل چلنے والوں کے لئے فٹ پاتھ بنے ہوئے ہیں' ان رواں دواں آبی راستوں پر "گنڈولا" (مقامی طرز کی کشتیاں) ہمارے رکشوں کی طرح گھومتی رہتی ہیں







گنڈولا نسبتاً ایک مہنگی سواری ہونے کی وجہ سے لوگ پانی میں چلنے والی "واٹر بس" کو ترجیح دیتے ہے جو نسبتاً کم قیمت سواری ہے - وینس کے نواح میں واقع ایک جزیرے پر "**سانتا لوسیا**" کے نام سے ریلوے اسٹیشن قائم ہے جو وینس کو ٹرین کے ذریعے روم' میلان' فلورنس اور اٹلی کے دیگر شہروں سے ملاتا ہے وینس کا مشہور ترین مقام **سان مارکو چوک** ہے' سیاحوں کا سب سے زیادہ ہجوم اسی جگہ ہوتا ہے چوک کے ایک طرف شہری آبادی، دوسری طرف ان گنت ریستوران، تیسری طرف قدیم رومن طرز کا **سینٹ مارک باسیلیکا چرچ** اور، چوتھی سمت میں سمندر ہے سینٹ باسیلیکا چرچ نہ صرف اپنی دیوہیکل عمارت، بیرونی اور اندرونی دیواروں پر کی گئی خوبصورت تصاویر اور نقاشی کے لئے مشہور ہے بلکہ عمارت میں موجود تمام دنیا کے چنیدہ نوادرات کی وجہ سے قابلِ دِید ہے - وینس کی ایک اور خاصیت یہاں کے دیسی تندوروں میں بنا **پیزا** ہے جس کا ذائقہ تمام اٹلی میں منفرد ہے -

اگر آپ روم سے ٹرین کے ذریعے وینس آرہے ہیں تو آپ 4 گھنٹے طویل ایک انتہائی خوبصورت اور سرسبز راستے سے گزرتے ہیں اور اگر آپ ہوائی جہاز کے ذریعے وینس آتے ہیں تو ائیرپورٹ سے سان مارکو تک پہنچنے میں آپ کو کشتی میں تقریباً ایک گھنٹہ لگ جاتا ہے

وینس کا **موسم** نومبر سے فروری تک 5 ڈگری اور جون جولائی سے ستمبر تک 22 ڈگری سینٹی گریڈ تک رہتا ہے، مجموعی طور پر موسم میں سارا سال ٹھنڈک رہتی ہے

www.totaltravels.pk

## ہوٹل کینالیٹو

کاسٹیلو، سان لیو، وینس

**3 اسٹار روایتی ٹورسٹ ہوٹل**








**مقام:** وینس کے مرکزی جزیرے کے وسط میں

12 کلو میٹر مارکو پولو ایئرپورٹ سے

07 منٹ پیدل واک چوک سان مارکو سے

04 منٹ کی پیدل واک ریالٹو پر واقع مرکزی واٹر بس اسٹیشن سے

25 منٹ پیدل کی واک سانتا لوسیا ریلوے اسٹیشن سے (روم اور میلان جانے کے لئے)

ہوٹل کینا لیٹو وینس کے مرکز میں واقع ہونے کی تمام تفریحی اور قابلِ دید مقامات کے نزدیک ہے، وینس کا سب سے مشہور علاقہ سان مارکو چوک، جہاں سے ایئر پورٹ جانے کے لئے فیری اور واٹر بس ملتی ہے، ہوٹل سے 7 منٹ پیدل کے راستے پر ہے۔ فیری اسٹیشن سے آپ نا صرف سان مارکو بلکہ قریب و جوار میں واقع دوسرے جزیروں کے لئے بھی کشتی یا واٹر بس لے سکتے ہیں تمام مشہور ریسٹورنٹس بھی سان مارکو میں واقع ہیں، ریالٹو برج جو کہ واٹر بس کا مرکزی اسٹاپ ہے ہوٹل سے چار منٹ کی پیدل واک پر ہے، اگر آپ ریل گاڑی کے ذریعے روم یا میلان جانا چاہتے ہیں تو سانتا لوسیا ریلوے اسٹیشن 25 منٹ پیدل کی واک پر واقع ہے۔

**تفصیل: کینا لیٹو ہوٹل** وینس کے درمیان سے گزرنے والی ایک نہر کے ساتھ بنا ہوا ہے۔ وینس کا جزیرہ تنگ، پُر پیچ رومانوی گلیوں میں تقسیم ایک دلکش بستی ہے، ہوٹل کینالیٹو ایسی ہی ایک تنگ گلی اور نہر کے سنگم پر واقع ہے، یہ جگہ شہر کے مرکز سے نزدیک ہونے کے باوجود پُر سکون اور خاموش ہے، سیاحوں میں مقبول دونوں مقامات، سان مارکو اور ریالٹو کا بِرج صرف چند منٹ پیدل کی واک پر ہے۔ وینس میں قائم عمارتیں صدیوں پرانی ہیں اور یہی قدامت اسی جزیرے کا حُسن ہے۔ ہوٹل کی عمارت میں چمکدار رنگ استعمال کئے گئے ہیں، دروازوں اور کھڑکیوں میں قدیم لکڑی استعمال ہوئی ہے، دیواروں پر دبیز اور منقّش وال پیپر اور کہیں کہیں کپڑے کا استعمال کیا گیا ہے، چھتوں پر نقاشی کی گئی ہے۔ کمروں اور عمارت کی مجموعی سجاوٹ میں وینس کی مقامی کلچر کی جھلک ہے۔

**کمرے:** تمام کمرے قدیم طرز کے اور آرام دہ ہیں، کمروں کا سائز چھوٹا اور درمیانہ ہے جو کہ کیٹیگری اور دستیابی پر منحصر ہے، حال ہی میں کمروں کو بہتر بنانے کے لئے تعمیر ِ نو کی گئی ہے، باتھ روم سائز میں چھوٹے ہیں مگر تمام بنیادی سہولتوں سے آراستہ ہیں۔ تمام کمروں میں سیٹلائٹ ٹی وی، منی بار، سیفٹی ڈپازٹ بکس اور ٹیلی فون کی سہولت موجود ہے، وینس میں پیدل گھومتے ہوئے ایک مصروف دن گزارنے کے بعد ہوٹل کینالیٹو میں موجود کمرے آپ کو ایک پر سکون ماحول فراہم کرتے ہیں.

**ریسٹورنٹ:** ہوٹل کے مرکزی ہال میں ناشتہ فراہم کیا جاتا ہے مگر دن کے بقیہ اوقات میں کھانے کے لئے کوئی باقاعدہ ریسٹورنٹ موجود نہیں ہے، ہوٹل کے بالکل باہر اور اطراف میں کھانے کے ان گنت چھوٹے چھوٹے ریسٹورنٹ موجود ہیں، اس کے علاوہ وینس کے قدیم رواج کے مطابق شام ہوتے ہی تمام فٹ پاتھوں پر میز کرسیاں لگا کر ان کو اوپن ایئر ریسٹورانوں میں تبدیل کر دیا جاتا ہے، جہاں رات گئے تک آپ اطالوی کھانوں سے لطف اندوز ہوسکتے ہیں.

**بیڈ روم:** ہوٹل میں **کمروں کی کل تعداد 33** ہے

**کمرے کی سہولیات:** ایئر کنڈیشن، ٹیلی ویژن، ڈائریکٹ ڈائل ٹیلی فون، ہیئر ڈرائیر، آٹو میٹک ویک اپ کال' بجلی کی سپلائی 220 وولٹ

**ہوٹل کی سہولیات:** دو بجے دوپہر چیک ان، بارہ بجے دوپہر چیک آؤٹ، درمیانے سائز کی لابی، لفٹ، 24 گھنٹے ریسیپشن اور پورٹر کی خدمات، مہمانوں کے لئے سیفٹی ڈپازٹ بکس، بار، ٹور ڈیسک

www.totaltravels.pk

## دوسرا دن

**مورانو ، بورانو اور ٹورسیلو جزائر کا ٹور**:- اس ٹور میں شرکت کے لئے آپ اپنے ہوٹل سے پیدل سان مارکو چوک تک آیئے اور باسیلیکا چرچ سے بائیں ہاتھ پر مڑ کر سمندر کے ساتھ ساتھ چلیئے' تقریباً 5 منٹ کی واک کے بعد آپ کو الٹے ہاتھ پر بنے ہوئے ہوٹلوں کی دیوار کے ساتھ آپ کو پیلے رنگ کی ایک ڈیسک (کاؤنٹر) نظر آئے گی جس پر **مورانو' بورانو ٹور** لکھا ہوگا . یہ جگہ **سیری نیس سیما موٹو اسکافی** کہلاتی ہے اور یہ کاؤنٹر **سیری نی سی ما بوٹ یلو ڈیسک** کہلاتا ہے۔ برائے مہربانی واؤچر پر دیئے گے وقت تک مقررہ جگہ پر ضرور پہنچ جائے تاخیر کی صورت میں بوٹ آپ کو لئیے بغیر روانہ ہو جائے گی۔

یہ ٹور ایک بڑی بوٹ پر ہوتا ہے جس میں آپ کے علاوہ بھی کئی لوگ ہوتے ہیں . ٹور کا دورانیہ چار سے پانچ گھنٹے کے درمیان ہے . اس ٹور کے دوران آپ کئی خوبصورت جزیروں سے گزرتے ہیں جن میں سے تین جزیروں میں آپ رُکتے ہیں ، بقیہ جزیروں کے درمیان سے گزرتے ہوئے آپ ان خوبصورت مناظر کی تصاویر لے سکتے ہیں









اس ٹور میں **مورانو** نامی جزیرے پر واقع شیشے کی مصنوعات بنانے والی ایک قدیم روایتی فیکٹری کی وِزٹ بھی شامل ہے- مورانو' وینس سے تقریباً ڈیڑھ کلو میٹر کے فاصلے پر واقع ایک خوبصورت چھوٹا سا جزیرہ ہے جس کی کل آبادی پانچ ہزار افراد پر مشتمل ہے' یہاں کی آبادی کی اکثریت کا روزگار کسی نہ کسی طرح شیشے کی صنعت سے وابستہ ہے۔ مورانو کا جزیرہ آٹھ سو سال سے دنیا بھر میں شیشے کی انتہائی خوبصورت' نازک اور بیش قیمت مصنوعات کے لئے مشہور ہے- اس قدیم فیکٹری میں وزٹ کے دوران یہاں موجود کاری گر آپ کے سامنے اپنے ہاتھوں سے خام شیشے کے ذریعے انتہائی خوبصورت شاہکار تخلیق کرتے ہیں' گلاس فیکٹری کے ٹور کے بعد آپ چاہیں تو ملحقہ فیکٹری اور شوروم سے شیشے کی یہ نادر اشیا خرید بھی سکتے ہیں یہاں ملنے والی اشیا کی قیمت 6 یورو سے 300 یورو تک ہے۔







**بورانو** وینس کے سب سے خوبصورت مناظر والا جزیرہ سمجھا جاتا ہے آبادی میں یہ مورانو سے نصف ہے اور یہاں کی کل آبادی 2700 نفوس پر مشتمل ہے۔ وینس کے مرکزی حصّے سے اس جگہ کا فاصلہ تقریباً ساڑھے پانچ کلو میٹر ہے اور مورانو سے لگ بھگ 4 کلومیٹر ، یہاں کے باشندوں کا بنیادی ذریعہ معاش ماہی گیری ہے- مچھلی کے شوقیہ شکاری سیاحوں کے لئے بھی یہ جزیرہ بہت پر کشش ہے اس چھوٹے سے جزیرے کے مرکز میں بازار کے دونوں اطراف چھوٹے چھوٹے روایتی اطالوی ریسٹورانوں میں لذیز ترین سی فوڈ ملتا ہے . صدیوں پرانی دکانوں میں ہاتھ سے بنُی ہوئی دھاگے کی لیس ، قدیم طرز کے ملبوسات اور تاریخی عمارتیں اِس ماحول کو سحر انگیز بنا دیتی ہیں ، بورانو کی دوسری مشہور چیز یہاں کے رنگ برنگے مکانات ہے اپنے خوبصورت اور چمکدار رنگوں کے ساتھ یہ مکانات گہرے نیلے سمندر کے پسِ منظر میں انتہائی خوبصورت عکس چھوڑتے ہیں

**ٹورسیلو** : آپ کے ٹور کا اگلا پڑاؤ ٹورسیلو ہے، یہ تمام وینس ریجن کا قدیم ترین جزیرہ ہے' یہاں قائم صدیوں پرانا چرچ **سانتا فوسکا** سیاحوں کی دلچسپی کا خاص مرکز ہے ٹورسیلو ایک انتہائی خوبصورت' خاموش اور پُرسکون جزیرہ ہے' جزیرے کے درمیان سے گزرنے والی نہر' دو رویہ پگڈنڈی، اس کے دونوں اطراف چھوٹی چھوٹی

www.totaltravels.pk

دکانیں' قدیم مکانات اور سبزے سے ڈھکے گورستان آپ کو صدیوں پرانے ماحول میں لے جاتے ہیں۔ ٹورسیلو میں آپ کا قیام تقریبا" آدھے گھنٹے کا ہوتا ہے اور آپ یہاں کی مزید ار کافی سے لطف اندوز ہو سکتے ہیں

ٹورسیلو سے آپ کی وینس واپسی کا سفر شروع ہوتا ہے اور آپ تقریبا" آدھے گھنٹے کے بحری سفر کے بعد سان مارکو چوک پہنچتے ہیں۔ خیال رکھیئے کہ اس ٹور میں لنچ اور مشروبات شامل نہیں ہیں اگر آپ چاہیں تو اپنے ساتھ کھانے پینے کی کچھ اشیا بھی لے جاسکتے ہیں

## تیسرا دن

ناشتے کے بعد آپ اپنے کمرے سے چیک آوٹ کرلیں، آپ کو **روم** جانے کے لئیے **سانتا لوسیا ریلوے اسٹیشن** تک جانا پڑے گا، جس کے لئے آپ اپنے ہوٹل کے قریب سے واٹر بس لے سکتے ہیں جو آپ کو اسٹیشن کے بالکل سامنے اتارے گی یا پھر 25 منٹ پیدل چل کر اسٹیشن تک پہنچ سکتے ہیں۔ وینس سے روم جانے کے لئیے ٹرین تقریبا پونے چار گھنٹے لیتی ہے یہ سفر انتہائی دلکش مناظر سے بھرپور ہے، اس سفر کے دوران کبھی آپ شدید سرسبز میدانوں سے گزرتے ہیں، اتنا سبزہ جو آنکھوں کو تراوٹ اور تازگی دیتا ہے۔ کہیں ٹرین لمبی پہاڑی سرنگوں سے گزرتی ہے اور کہیں آپ میلوں سمندر کے ساتھ ساتھ چلتے رہتے ہیں۔ کھڑکی سے باہر نظر آنے والے مناظر خوبصورت تصاویر کی طرح لگتے ہیں





ٹرین کے سفر کے اختتام پر آپ روم شہر کے مرکز میں واقع ریلوے اسٹیشن **"ترمینی"** پہنچتے ہیں، ترمینی سب سے بڑا ریلوے اسٹیشن ہونے کے ساتھ، روم کا مرکزی بس اسٹیشن بھی ہے اور روم شہر کے سٹی ٹور کے علاوہ اٹلی کے ہر شہر کے لئیے یہاں سے بس ملتی ہے۔ شہر کے اس حصّے میں پاکستانی، بنگلہ دیشی اور عربی باشندوں کی اکثریت ہے جس کے باعث اس علاقے میں آپ کو جا بجا بنگلہ دیشی اور عربی ریسٹورنٹس نظر آتے ہیں۔

آپ کا ہوٹل یہاں سے چند منٹ پیدل کی واک پر ہے

**روم**: اٹلی کا دارالخلافہ ہونے کے ساتھ ساتھ سب سے بڑا شہر بھی ہے، 30 لاکھ کی آبادی کا یہ شہر 1285 اسکوائر کلومیٹر پر پھیلا ہوا ہے۔ یہ قدیم اور پُرعظمت شہر اٹلی کے مغربی وسطی علاقے میں مشہور دریائے "تائبر" کے کنارے بسا ہوا ہے







ایک روایت کے مطابق حضرت عیسیٰؑ سے 800 سال پہلے شہنشاہ "رومولو" نے یہ شہر آباد کیا اور اس کے نام کی مناسبت سے ہی شہر کا نام روم پڑا، اس روایت کی روشنی میں روم کو دنیا کا قدیم ترین آباد شہر مانا جاسکتا ہے جہاں زندگی کا تسلسل اس قدر قدیم ہے۔ گزشتہ 2800 سال سے یہ شہر انسانی تاریخ کے مدّوجزر دیکھ رہا ہے، شہر کے چپّے چپّے میں بکھری تاریخی اہمیت کی حامل عمارتیں اور مقامات کے باعث روم کا پورا شہر ہی ایک وسیع' دلچسپ اور زندہ میوزیم کی حیثیت اختیار کر گیا ہے۔ صدیوں تک یہ عظیم رومن شہنشاہیت کا دارلسلطنت رہا اور 1966 میں اس کو جدید اٹلی کا دارالحکومت بنا دیا گیا۔ روم کی اکثر عمارتوں کو یونیسکو کے زیرِ انتظام "عالمی ثقافتی ورثہ" میں شامل کر لیا گیا ہے جن میں ویٹیکن میوزیم، اسپینش اسٹیپس، تریوی فاؤنٹین اور کولوزیم

www.totaltravels.pk

کے آثار بھی شامل ہیں یہی وجہ ہے کہ دنیا بھر میں سیاحوں کی آمد کے لحاظ سے روم، تمام دنیا میں چودھویں نمبر پر، جبکہ یورپ بھر میں یہ سیاحوں کا تیسرا پسندیدہ شہر ہے۔










روم کی شہرت میں اضافے کی ایک بڑی وجہ شہر کے وسط میں موجود ویٹیکن سٹی بھی ہے۔ ویٹیکن حالانکہ اٹلی کے اندر روم شہر کے مرکز میں واقع ہے مگر یہاں عیسائیوں کے سب سے بڑے مذہبی رہنما "پوپ" کی رہائش کی وجہ سے ویٹیکن کو ایک علیحدہ مملکت کی حیثیت حاصل ہے جو کہ دنیا کا سب سے چھوٹا ملُک ہے، اور یہ دنیا بھر میں ایک ہی مثال ہے کہ کوئی آزاد ملک کسی اور ملُک کے ایک شہر کے اندر واقع ہو یہ بات بجائے خود ایک عجوبہ ہے۔ اٹلی میں ویٹیکن کی موجودگی کے باعث روم کا اکثریتی مذہب رومن کیتھولک ہے۔ پچھلے کچھ برسوں میں روم میں مسلمانوں کی آبادی کا تناسب حیرت انگیز طور پر بڑھا ہے جس کی بڑی وجہ شمالی افریقہ، مشرقِ وسطیٰ اور خصوصاً" بنگلہ دیشی مسلمانوں کی اٹلی کی طرف نقل مکانی ہے، خاص طور پر روم کے مرکزی ریلوے اسٹیشن "ترمینی" کے قرب وجوار کا تمام علاقہ عربی اور بنگلہ دیشی مسلمانوں سے بھرا ہوا ہے اور اس علاقے میں دیسی کھانا عام دستیاب ہے۔

روم میں سیاحوں کی دلچسپی کے ان گنت مقامات ہیں، ایک مقامی روایت کے مطابق پورا روم تو کسی نے بھی نہیں دیکھا مگر قابلِ دید جگہوں میں کولوزیم، اسپینش اسٹیپس، ویٹیکن سٹی، رومن فورم، فرشتوں کا پلُ اور تریوی فوارہ خاص طور پر شامل ہیں۔ کہا جاتا ہے تریوی فاؤنٹین میں سکہّ پھینکنے والا روم دوبارہ واپس ضرور آتا ہے۔

روم کا اوسط درجہ حرارت دن میں 20 اور رات میں 10 ڈگری تک ہوجاتا ہے۔ سرد مہینے نومبر سے فروری تک جب دن میں 12 اور رات میں 3 ڈگری اور گرم مہینے جون سے ستمبر تک جب ٹمپریچر 30 سے 18 ڈگری سینٹی گریڈ تک رہتا ہے۔

**ڈی ملِّی ہوٹل**

ویا ڈی ملِّی، نزد ترمینی ریلوے اسٹیشن، روم، اٹلی

**2 اسٹار، ٹورسٹ کلاس ہوٹل**







مقام: سٹی سینٹر۔ نزد ترمینی ریلوے اسٹیشن

27 کلومیٹر سیام پینو ایئرپورٹ سے

07 منٹ کی پیدل واک ترمینی ریلوے اسٹیشن سے

09 منٹ کی پیدل واک اٹلی کے قومی عجائب گھر سے

09 منٹ کی پیدل واک چوک "پیازہ ری پب لیکا" سے / 30 منٹ کی پیدل واک تریوی فاؤنٹین سے

www.totaltravels.pk

روم کی سیر و تفریح کی غرض سے یہ ہوٹل ایک مثالی جگہ پر واقع ہے، شہر کے مرکزی ریلوے اسٹیشن کے قرُب میں ہونے کے باعث اٹلی کے تمام شہروں کے لئے ہر طرح کی ٹرانسپورٹ با آسانی دستیاب ہے، یہ جگہ روم کے تمام سیاحتی مقامات کے بھی قریب ہے، اگر آپ پیدل چلنا پسند کرتے ہیں تو اکثر جگہیں پیدل واک پر موجود ہیں، یہ علاقہ ریلوے اسٹیشن کے قریب ہونے کی وجہ سے بارونق ہے۔ کھانے پینے کے سینکڑوں ریستوران ہیں جن میں کئی رات گئے تک کھلے رہتے ہیں۔ ائیر پورٹ جانے کے لئے "ٹیراویژن" بس کا اسٹاپ تقریباً" 10 منٹ کی واک پر ہے

**تفصیل:** ہوٹل ایک ایسی عمارت میں واقع ہے جسے اٹلی کی طرزِ تعمیر کے لحاظ سے نسبتاً " جدید روائتی بلڈنگوں میں شمار کیا جا سکتا ہے، ہوٹل شہر کے مرکز میں ہے اور خاص بات یہ ہے کہ پچھلے 40 سال سے ایک ہی خاندان کے زیرِ انتظام چلایا جا رہا ہے یہ ہوٹل موجودہ مالکہ کی والدہ نے قائم کیا تھا، ہوٹل کسی حد تک روائتی اطالوی گھریلو ماحول کا ہے، ہوٹل میں مقیم لوگوں کو کلائنٹ سے زیادہ "مہمان" کی حیثیت حاصل ہوتی ہے، ہوٹل کی عمارت جدید نہ ہونے کے باوجود مستقل دیکھ بھال اور مرمّت کی وجہ سے اچھی حالت میں ہے۔ ہوٹل ڈی ملّی میں روم سروس کی سہولت (محدود اوقات میں) موجود ہے، فرنٹ ڈیسک 24 گھنٹے کھلا رہتا ہے۔ لوکل ٹور اور گاڑی کرائے پر لینے کی سہولت بھی ریسپشن سے حاصل کی جا سکتی ہے۔ اگر آپ بچّوں کو کچھ دیر کے لئے ہوٹل چھوڑ کر باہر جانا چاہتے ہیں تو ہوٹل "بےبی سٹنگ" کی سہولت بھی فراہم کرتا ہے (قابلِ ادائیگی)۔ ہوٹل سے تقریباً" 10 منٹ کی پیدل مسافت پر ایئر پورٹ کی بس کا آفس ہے

**کمرے:** جدید طرز کے کمرے روز مرّہ کی بنیادی ضروریات سے مزّین ہیں۔ کمروں کی آرائش اور آسائشات کی فراہمی میں سادگی کو ملحوظ رکھا گیا ہے۔ کمروں میں شاور، ٹی وی، ہیئر ڈرائیر اور وائی فائی (قابلِ ادائیگی) فراہم کیا گیا ہے۔ درخوست پر (بشرطیکہ دستیابی) استری بھی حاصل کی جا سکتی ہے

**ریسٹورنٹ:** ہوٹل میں موجود ہال میں مہمانوں کے لئے ناشتے کا انتظام ہے، اس کے علاوہ ہوٹل کے اطراف میں کھانے کے ان گنت کیفے اور ریستوران موجود ہیں جہاں اطالوی اور غیر ملکی (بشمول حلال) کھانے دستیاب ہیں

**بیڈروم:** کمروں کی کل تعداد **53** ہے

**کمرے میں سہولیات:** ہئیر ڈرائیر، سیٹلائٹ ٹی وی، فون، وائی فائی (قابلِ ادائیگی)، سیفٹی ڈپازٹ بکس، ویک اپ کال، روم سروس (محدود اوقات میں)۔

**ہوٹل کی سہولیات:** دو بجے دوپہر چیک ان، بارہ بجے دوپہر چیک آؤٹ، چھوٹے سائز کی لابی، لفٹ، 24 گھنٹے ریسپشن، بےبی سٹنگ (قابلِ ادائیگی)، سیفٹی ڈپازٹ باکس، لانڈری، ٹورڈیسک، بجلی کی فراہمی 220 وولٹ۔

## چوتھا دن

### روم سٹی ٹور

اس ٹور کے لئے ڈرائیور آپ کو صبح ناشتہ کے بعد ہوٹل کی لابی سے لے گا، اس ٹور کا دورانیہ تین سے ساڑھے تین گھنٹے ہے، جس کے دوران آپ کو روم کے مشہور تاریخی مقامات کی سیر کروائی جائے گی، ساتھ ہی آپ کو شہر کی موجودہ شاہراہیں اور روزمرہ کی زندگی دیکھنے کا موقع بھی ملے گا- ٹور کے دوران کچھ جگہوں پر آپ باقاعدہ وزٹ کریں گے اور کچھ جگہوں پر صرف فوٹو اسٹاپ ہوگا، جس میں آپ کو تصویریں کھینچنے کے لئے وقت دیا جائے گا- اس مختصر مگر بنیادی ٹور کے ذریعے آپ روم شہر سے مختصراً" متعارف ہوتے ہیں.

ٹور کی ابتداء میں آپ ویاوینیتو سے گزرتے ہیں جو 1960 میں بننے والی ہالی وڈ کی مشہور فلم "لاڈولچے ویٹا" کی شوٹنگ کی وجہ سے دنیا بھر میں شہرت حاصل کر چکی ہے۔ یہاں سے آپ چوک "**پیازا ڈیلا ری پب لیکا**" کی طرف آتے ہیں، یہاں سے گزرتے ہوئے آپ مشہور "**نیاد فاؤنٹین**" دیکھ سکتے ہیں اِس فوّارہ کی تعمیر 1888 میں ہوئی ابتداء میں اس فوّارہ میں چار پتھریلے شیروں کے مجسمے بنے تھے مگر 1901 میں یہاں یونانی دیومالا کی اساطیری دیوی "نیاد" کا مجسمہ نصب کر دیا گیا جس کو چشموں اور پانی کی دیوی مانا جاتا ہے۔ یہاں سے گزر کر آپ روم شہر کے قدیم حصے کے مرکزی علاقے میں پہنچتے ہیں جو کہ روم کی قدیم تاریخ اور رنگارنگ ثقافت کا ہزاروں سال سے مرکز بنا ہوا ہے، یہاں قدم قدم پر تاریخ کے اوراق بکھرے ہیں اور شہر کے اس حصے کو آپ پیدل چل کر ہی بخوبی دیکھ سکتے ہیں

www.totaltravels.pk

**تریوی فاؤنٹین** : 1762 میں اس چشمے اور اس کے گرد عمارت کی تعمیرِ نو کی گئی، چشمے کی موجودہ عمارت 86 فٹ بلند اور 160 فٹ چوڑی ہے، اصل میں اس فوّارے کی بنیاد لگ بھگ 4000 ہزار سال پہلے رکھی گئی تھی اور اس کے زریعے روم کے باشندوں کو روز مرّہ کے استعمال کے لئے پانی کی فراہمی کی جاتی تھی۔ اس خوبصورت فوّارے کو پسِ منظر میں رکھتے ہوئے ہالی وُڈ کی کئی مشہور فلموں کی عکس بندی یہاں کی گئی جن میں "رومن ہالیڈے" اور "تھری کوائن اِن فاؤنٹین" بھی شامل ہیں، 1954 میں بننے والی عظیم فلم "تھری کوائن اِن فاؤنٹین" نے اس فوّارے کو اس روایت سے وابستہ کر دیا کہ جو بھی سیاح اس فوّارے میں ریز گاری سکّے پھینکے گا اُس کو دوبارہ روم آنے کا موقع ضرور ملے گا، روایت صحیح ہے یا غلط مگر یہاں آنے والے سیاح اس پر اس قدر یقین کرتے ہیں کہ روزآنہ روم شہر کی میونسپلٹی اس فوّارے کے پانی میں پھینکے جانے والے سکّوں سے 3000 یورو (تقریباً" 5 لاکھ روپے پاکستانی سے زائد) کی ریز گاری کماتی ہے، جبکہ تمام تر پابندیوں کے باوجود اس ریز گاری کا ایک حصّہ مقامی افراد بھی پانی سے نکال کر لے جاتے ہیں۔





**پیازاناوونا**: یہ تریوی فاؤنٹین سے تقریباً" ایک کلو میٹر کے فاصلے پر واقع ایک اسٹیڈیم کی طرز کا چوک ہے جو ماضی میں عوامی اجتماعات کے لئے استعمال ہوتا تھا اور رومن شہنشاہیت کے دور میں یہاں کھیلوں اور لڑائی کے مقابلے منعقد کئے جاتے تھے آج کل اس کی حیثیت مقامی بازار کی ہے، چوک کے چاروں اطراف میں دستکاری، کھانے پینے کی اشیاء اور کپڑوں کی دکانیں بنی ہیں اس کے علاوہ کئی قریبی یورپی ممالک سے مصوّر بھی اس میدان میں بیٹھے سیاحوں کے اسکیچ اور تصاویر بناتے نظر آتے ہیں۔ سولہویں صدی میں عظیم اطالوی آرکیٹیکٹ "لوریزو برنینی" کا بنایا ہوا فاؤنٹین "چار دریاؤں کا چشمہ" کی موجودگی بھی اس چوک کی شہرت کا ایک بڑا سبب ہے، اسی جگہ کے جنوبی سرے پر "برنینی" کا بنایا ہوا ایک مراکشی مسلمان کا مجسمے کی صنّاعی بھی قابلِ دید ہے، یہ چوک روم کے بارونق علاقوں میں شمار ہوتا ہے۔

**پینتھیون** یہ مندرِ حضرت عیسیٰ سے تقریباً" سوا سو سال پہلے ہیڈرین نامی بادشاہ نے تعمیر کیا جس کا مقصد اُس وقت کی رومن سلطنت میں پوجے جانے والے دیوتاؤں کی عبادت کے لئے ایک مرکزی جگہ کا قیام تھا اس وجہ سے اس کا نام "تمام خداؤں کا مندر" رکھا گیا، عیسائیت پھیلنے کے بعد اس نام بدل کر "مریمؑ اور شہداء کا چرچ" رکھ دیا گیا اور اب یہ ایک کیتھیڈرل ہے۔ یہ عمارت رومن دور میں تعمیر کی گئی عمارتوں میں اب تک سب سے اچھی حالت میں قائم ہے۔ اس کے گنبد کو دنیا کا سب سے عظیم گنبد مانا جاتا ہے جس کا قطر 142 فٹ ہے یہ جگہ دیکھنے دنیا بھر سے 60 لاکھ سیّاح ہر سال آتے ہیں۔

**ویٹیکن سٹی** روم شہر کے مرکز میں واقع یہ علاقہ ایک علیحدہ مملکت کی حیثیت رکھتا ہے جس کی آبادی لگ بھگ 900 افراد ہے اور یہ شہر کے بیچوں بیچ مصروف علاقے سینٹ پیٹرز اسکوائر میں صرف 121 ایکڑ کے رقبے پر قائم ہے۔ 11 فروری 1929 کو وجود میں آنے والی یہ دنیا کی سب سے چھوٹی آزاد ریاست ہے یہاں کا سربراہ (کیتھولک) عیسائی دنیا کا مذہبی رہنما "پوپ" ہوتا ہے جو عیسائیت کا بزرگ ترین پیشوا مانا جاتا ہے۔ ویٹیکن سٹی کو موجودہ عیسائی عہد کے مقدّس ترین مقام کا درجہ حاصل ہے۔ خیال رکھئے ممکن ہے کہ مذہبی عبادات کے دوران ویٹیکن سٹی کو سیّاحوں کے لئے بند کر دیا جائے۔

**دی پیٹِ (مجسمہ افسوس)** یہاں آپ دنیا کے مشہور ترین سنگ تراش مائیکل اینجلو کا بنایا ہوا "مجسمہ افسوس" دیکھتے ہیں اس عظیم الشّان مجسمہ میں مائیکل اینجلو نے حضرت مریمؑ کی گود میں حضرت عیسیٰؑ کی لاش رکھی ہوئی دکھائی ہے اور حضرت مریمؑ کے چہرے کے نقوش میں چھپے دُکھ کی عکّاسی کی ہے، مجسمے کا مجموعی تاثّر ناقابلِ فراموش ہے۔ یہ واحد مجسمہ ہے جس پر مائیکل اینجلو نے اپنے دستخط کئے ہیں، اس خوبصورت مجسمے کو فنِ سنگ تراشی کا کمال سمجھا جاتا ہے، اس کی پیمائش 174 / 195 سینٹی میٹر ہے

ٹور کے اختتام پر ہوٹل پہنچنے کے بعد دن کا بقیہ حصّہ آپ اپنی مرضی سے گھوم پھر کر گزار سکتے ہیں

www.totaltravels.pk

## پانچواں دن

### کیپری آئی لینڈ ٹور

اس ٹور کے لئے علی الصّبح تقریبا" 6 بجے ڈرائیور آپ کو ہوٹل کی لابی میں ملے گا- ٹور کا دورانیہ لگ بھگ 14 گھنٹے کا ہے جس کے دوران آپ کو 5 گھنٹے کے زمینی اور بحری سفر کے ذریعے 280 کلومیٹر کے فاصلے پر واقع جزیرہء کیپری لے جایا جائے گا۔ وہاں کے مختلف قابلِ دید مقامات کی سیر کروائی جائے گی۔ ان میں سے کچھ جگھوں پر آپ وزٹ کریں گے اور کچھ جگھوں پر صرف فوٹو اسٹاپ ہو گا یا آپ دیکھتے ہوئے گزریں گے۔








کیپری تک پہنچنے کا خوبصورت راستہ، یہاں شہر کی قدیم قدرتی خوبصورتی روزمرّہ کی زندگی کی آہستہ خرامی اور مقامی لوگوں کی خوش اخلاقی یہاں آنے والے لوگوں پر ایک خوشگوار تاثر چھوڑتی ہے۔ رَقبے اور آبادی میں چھوٹا ہونے کے باوجود یہاں سیّاحوں کی دِلچسپی کے کئی مقامات ہیں۔ خلیجِ نیپلز میں واقع کیپری دنیا کے خوبصورت اور تاریخی اہمیت کے حامل جزیروں میں شمار ہوتا ہے اس کا رقبہ 10 اسکوائر کلومیٹر اور آبادی 12000 سے زائد افراد پر مشتمل ہے۔ تاریخی تحقیق کے مطابق یہاں انسانی آبادی کے قدیم آثار کانسی کے عہد سے شروع ہو جاتے ہیں







کیپری کا روشن ماحول اور دلکش خوبصورت مناظر آپ کے اس ٹور کو زندگی بھر کے لئے ایک یادگار بنا دیتے ہیں۔ دنیا بھر میں مشہور گانا "آئل آف کیپری" جو فرینک سناترا نے بھی گایا، اسی جزیرے سے منسلک ہے۔ مرکزی جزیرے میں گاڑیوں کی آمدورفت پر پابندی ہے اور نیپلز سے یہاں بوٹ کے ذریعے پہنچا جا سکتا ہے۔ اس چھوٹے سے جزیرے میں رومن دور کی کئی قدیم یادگاریں، 2 قابلِ دید گرجا، 7 میوزیم اور کئی قدرتی عجائب موجود ہیں جن میں "بلو گروٹو" (نیلا غار) خاص طور پر قابلِ ذکر ہے، اس تاریک غار میں داخل ہونے کے بعد آپ سمندری پانی کو ایسے چمکتے دیکھتے ہیں جیسے اس میں سے نیلے رنگ کی برقی شعائیں نکل رہی ہوں

تاریخی اور جغرافیائی طور پر بھی کیپری اہمیت کا حامل ہے، پہلی اور دوسری جنگِ عظیم کے دوران یہ برطانیہ اور اتحّادیوں کے لئے نیول بیس کی حیثیت سے کام کرتا رہا اس کے علاوہ دنیا کی عظیم شخصیات بھی یہاں قیام پذیر رہیں جن میں جدید روس کے بانی جناب لینن، مشہور مصنّف میکسم گورکی اور سمرسیٹ ماہم شامل ہیں

ٹور کے اختتام پر آپ کو روم واپس لاکر ہوٹل میں ڈراپ کر دیا جائے گا۔

**نوٹ**: اس ٹور کے دوران، مقامات کی ترتیب میں انتظامیہ کی طرف سے تبدیلی کی جا سکتی ہے

**کیونکہ** ٹور کا زیادہ تر حصہ پانی کے سفر اور سمندری تفریحات پر مشتمل ہے اس لئے ہمارا مشورہ ہے کہ آپ اپنے ساتھ ربر کی چپل اور تولیہ ضرور رکھیں - اپنی قیمتی چیزیں ساتھ لے کر نہ جایئں اور اگر کچھ ساتھ لے جانا ضروری سمجھیں تو اس کو پانی سے محفوظ رکھنے کے لئے واٹر پروف بیگ یا پلاسٹک کی تھیلی ضرور ساتھ رکھیں۔

## چھٹا دن

صبح ناشتہ کے بعد وقت آپ اپنی مرضی سے گزار سکتے ہیں - یہاں تک کہ ڈرائیور آپ کو ہوٹل کی لابی سے ائرپورٹ کے لئے لے (صحیح وقت آپ کے ٹور واؤچر پر لکھا ہو گا) ڈرائیور آپ کو روم ائرپورٹ تک لائے گا، یہاں سے آپ کی فلائٹ ہے۔

## ٹور کا اختتام

**خیال رکھئے**: ہماری کوشش ہوتی ہے کہ ٹور واؤچر پر دیئے گئے وقت پر ہم آپ کو آپ کے ہوٹل کی لابی سے ٹور یا ائرپورٹ ٹرانسفر کے لئے ارائیول ہال سے لے لیں مگر کبھی کبھی ٹریفک کی دشواریوں یا دوسرے مہمانوں کی وجہ سے ان اوقات میں تبدیلی ہو سکتی ہے اور آپ کا پک اپ ٹائم جلدی یا تاخیر سے ہو سکتا ہے - جلد ہونے کی صورت میں آپ کو پہلے سے آگاہ کیا جائے گا اور ڈرائیور کے آنے میں غیر معمولی تاخیر ہونے کی صورت واؤچر پر دیئے گئے مقامی فون نمبر پر رابطہ کریں

## ٹور میں شامل ہیں

ویزا

روم میں ایئرپورٹ پک اینڈ ڈراپ

اسٹار کلاس ہوٹل میں رہائش

روزانہ ناشتہ

مورانو، بورانو اور ٹورسیلو جزائر کا ٹور

روم شہر کا سٹی ٹور

کیپری جزیرے کا ٹور

روم اور کیپری کے درمیان ٹرانسپورٹ

تمام ٹرانسفرز ائیر کنڈیشن گاڑی میں دیئے جائیں گے

**رابطہ کیجئے:**

**ٹوٹل ٹریول سروسز**

بلاک 5، مین راشد منہاس روڈ، گلشن اقبال، کراچی

**فون نمبر** (021) 34834720, 34810188, 34810189, 34834660

**ویب سائٹ۔** www.totaltravels.pk **ای میل -** info@totaltravels.pk totaltravels97@yahoo.com

**Total Travel Services**

A-2, Plot 14/FL-4, Block 5, KDA Scheme 24, Near Shan Hospital, Main Rashid Minhas Road, Gulshan e Iqbal, Karachi 75300

(Govt Lic 2760) Ph: (021) 34834720, 34810188, 34810189, 34834660 totaltravels97@yahoo.com info@totaltravels.pk

www.totaltravels.pk




www.totaltravels.pk

| ٹورز | ایئرپورٹ پک اینڈ ڈراپ | رہائش | قیمت | تعداد |
|---|---|---|---|---|
| گاڑی یا مشترکہ وین A/C پرائیویٹ | گاڑی A/C پرائیویٹ | ایک فرد کے لئے کمرہ | ڈالر | ایک فرد |
| گاڑی یا مشترکہ وین A/C پرائیویٹ | گاڑی A/C پرائیویٹ | دو افرد کے لئے کمرہ | ڈالر | دو افرد |
| گاڑی یا مشترکہ وین A/C پرائیویٹ | گاڑی A/C پرائیویٹ | تین افراد کے لئے ایک ڈبل اور ایک سنگل بیڈ | ڈالر | تین افراد |
| گاڑی یا مشترکہ وین A/C پرائیویٹ | گاڑی A/C پرائیویٹ | دوڈبل روم | ڈالر | افراد چار |
| گاڑی یا مشترکہ وین A/C پرائیویٹ | گاڑی A/C پرائیویٹ | صرف ایک ڈبل بیڈ | ڈالر | بچہ ایک دو افراد + (دو سے دس سال کی عمر تک) |
| گاڑی یا مشترکہ وین A/C پرائیویٹ | گاڑی A/C پرائیویٹ | ایک ڈبل اور ایک سنگل بیڈ | ڈالر | ایک دو افراد + بچہ (دس سے بارہ سال کی عمر تک) |
| گاڑی یا مشترکہ وین A/C پرائیویٹ | گاڑی A/C پرائیویٹ | صرف ایک ڈبل بیڈ | ڈالر | دو دو افراد + بچے (دو سے دس سال کی عمر تک) |
| گاڑی یا مشترکہ وین A/C پرائیویٹ | گاڑی A/C پرائیویٹ | ایک ڈبل اور ایک سنگل بیڈ | ڈالر | دو بچے دو افراد + (دس سے بارہ سال کی عمر تک) |
| گاڑی یا مشترکہ وین A/C پرائیویٹ | گاڑی A/C پرائیویٹ | ایک ڈبل اور ایک سنگل بیڈ | ڈالر | تین دو افراد + بچے (دو سے دس سال کی عمر تک) |

☆ (تمام قیمتیں امریکن ڈالرز میں ہیں)

www.totaltravels.pk